Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | اتوار، 5 اکتوبر 2025ء، 11 ربیع الثانی 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 184

بھارت نئی جنگ چھیڑی تو تیز ترین فیصلہ کن جواب دینگے، پاک فوج

بھارتی سکیورٹی اداروں کی قیادت کے اشتعال انگیز بیان قابل تشویش، شاید بھارت اپنے طیاروں کی تباہی بھول گیا، اس بار ہم جغرافیائی اسٹنگی کے تصور کو توڑ دیں گے اور بھارتی علاقے کی دور دراز حد دشمن کے نشانہ بنائیں گے

جہاں تک پاکستان کو نقشے سے مٹانے کی بات ہے، بھارت کو واضح طور پر معلوم ہونا چاہیے، اگر ایسے حالات پیش آئے تو ایک طرف نہیں دونوں طرف کو نقصان ہوگا، ترجمان فوج

راولپنڈی (این ای این) آئی ایس پی آر نے بھارتی سکیورٹی اداروں کی اعلیٰ قیادت کے غیر حقیقی، اشتعال انگیز اور جنگی جنون پر مبنی بیانات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق یہ غیر ذمہ دارانہ بیانات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ بھارت ایک بار پھر جارحیت کیلئے من گھڑت بہانے تراشنے کی کوشش کر رہا ہے، ایسے بیانات (بقیہ نمبر 30)

: سوہابی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شاہ حسین انٹرنیشنل آرگنائزیشن کاٹن کونکٹ کے وفد کے سربراہ کو ایوارڈ شیلڈ دے رہے ہیں

پاکستان ہمیشہ فلسطینی عوام کے ساتھ کھڑا رہا ہے، وزیر اعظم

حماس کے بیان سے جنگ بندی کی نئی راہ ہموار ہوئی، برادر ممالک کے ساتھ ملکر کام کریں گے

اسلام آباد (این ایس این) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حماس کے بیان سے جنگ بندی کی نئی راہ ہموار ہوئی، پاکستان ہمیشہ فلسطینی عوام کے ساتھ کھڑا رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 20 نکاتی غزہ امن منصوبہ بڑی حد تک قبول کر (بقیہ نمبر 31)

برادر ممالک کے شکر گزار ہیں۔ پاکستان تمام برادر ممالک کے ساتھ مل کر امن کے لیے کام کرے گا۔ واضح رہے کہ حماس نے امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا 20 نکاتی غزہ امن منصوبہ

غیر قانونی سگریٹس معاشی استحکام کیلئے خطرہ بن گئے، ماہرین

تاجائز سگریٹوں سے خزانے کو 400 ارب نقصان، باضابطہ معیشت بھی متاثر ہو رہی ہے

اسلام آباد (این ایس این) غیر قانونی سگریٹس کی بڑھتی تجارت مطابق قانونی کاروبار کرنے والی تمباکو کمپنیاں سالانہ تقریباً 270 معیشت کیلئے مجموعی طور پر مالی استحکام کیلئے خطرہ بن گئی۔ ماہرین کے ارب روپے ٹیکس ادا کرتی ہیں، جبکہ (بقیہ نمبر 34)

فیڈ ملز میں گندم کے استعمال پر فوری پابندی عائد

گندم صرف فلور ملز میں آٹا بنانے کیلئے استعمال ہوگی، صوبے میں گندم کی ممکنہ قلت کے خدشات کے پیش نظر فیصلہ کیا

لاہور (این ایس این) پنجاب بھر کی فیڈ ملز میں گندم کو مرغیوں کے سیکرٹری داخلہ کے حکم نامے کے مطابق گندم صرف فلور ملز دانے میں استعمال کرنے پر دفعہ 144 کے تحت توسیع کر دی میں آٹا بنانے کیلئے استعمال (بقیہ نمبر 33)

شہباز شریف کی جاتی امرا میں نواز شریف سے ملاقات

وزیر اعظم نے بیرون ممالک دورے، پاکستان کو ملنے والی کامیابیوں، معاہدوں سے بھی آگاہ کیا

لاہور (این ایس این) وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) و سابق وزیر اعظم نواز شریف کی جاتی امراء شریف بھی جاتی امراء رہائش گاہ پر (بقیہ نمبر 32)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت 4 گھنٹے طویل اجلاس، 8 بڑے محکموں سے تفصیلی بریفنگ

پنجاب بھر کے عوام کو گھر گھر پوتل بند پانی مہیا کرنے کا فیصلہ

سیلاب متاثرہ علاقوں میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی پر شہباز شریف، سیلاب کے دوران سانپ کاٹنے کے واقعات میں بروقت علاج سے قیمتی انسانی جانیں بچانے پر اظہار تشکر

پنجاب نے سرد ایکیل کیئر ریکسی مینشن میں ریکارڈ قائم کر کے دوسرے صوبوں پر سبقت لے لی، پیشن افراد کے گھروں تک پہنچنے اور مدد کا طریق کار وضع کرنے کا حکم، صوبہ بھر میں ڈیٹا مکمل کرنے کیلئے محکموں کو اشتراک کار کی ہدایت

الیکٹرونک نے قلیل مدت میں عوامی متعلیوت کے ریکارڈ قائم کر دیئے، پیلیسر گولڈ سے حاصل ہونے والا منافع پنجاب کے عوام کو ملنا چاہیئے تعمیر شدہ گلیوں میں توڑ پھوڑ کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت 4 گھنٹے طویل جائزہ اجلاس منعقد ہوا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 8 بڑے محکموں سے تفصیلی بریفنگ لی۔ اجلاس میں دور دراز علاقوں سے پانی لانے کی مشقت سے نجات کیلئے گھر گھر پوتل بند پانی پیش کرنے پر غور کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس کے دوران سیلاب متاثرہ علاقوں میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی پر مہیا کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس کے دوران سیلاب متاثرہ علاقوں میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی پر شاباش دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سیلاب کے دوران متاثرہ علاقوں میں سانپ کے 11 ہزار 174 افراد کو سانپ کاٹ گئے۔ خلاف ریپٹیل کیمپوں میں موجود سانپ کے کاٹنے کی ویکسین لگانے سے تمام جانیں (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سوہابی محکموں کے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

وزیر اعلیٰ کا فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر

فتنہ الہندوستان کے ہر کارندے کا خاتمہ کرنے کیلئے پوری قوم پر عزم ہے: مریم نواز

لاہور (این ایس این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فتنہ الہندوستان کے 14 زیادہ دہشت گرد ہلاک خلاف کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر کیا اور 20 سے زائد (بقیہ نمبر 35)

حماس کا ردعمل باوقار، قابل قدر ہے، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (این ایس این) جماعت اسلامی نے غزہ امن معاہدے پر حماس کے رد عمل کو مدبرانہ اور باوقار عمل کی جانب پیش قدمی قرار دے دیا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم (بقیہ نمبر 36)

پنجاب کے معاملات میں پیپلز پارٹی آئینی اختیارات سے تجاوز کر رہی ہے، عظمیٰ بخاری

جو ہر بات پر "مرسو مرسو" کرتے ہیں وہ صوبائیت کارڈ کھیل رہے ہیں، سندھ نے کسانوں سے گندم کیوں نہیں خریدی

پنجاب کو اپنے پانی کے استعمال کیلئے کسی دوسرے صوبے کی اجازت کی ضرورت نہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (ثناکدہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کسی صوبے کے معاملات میں مداخلت خیر آباد کہتی ہے، پیپلز پارٹی مسلسل پنجاب کے معاملات میں مداخلت کر کے آئینی اختیارات کے تجاوز کر رہی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ جو ہر بات پر مرسو مرسو کرتے ہیں وہ (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد: ایس پی سکیورٹی آپریشنز بگل تریمن نے طفرس میں عوامی شکایات سن رہی ہیں اور شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے فوری ہدایات جاری کر رہی ہیں

ایف آئی اے کی کارروائی؛ انسانی اسمگلنگ میں ملوث اہم اشتہاری ملزم گرفتار

کراچی (این ایس این) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایک اہم اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق یہ کارروائی ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے رضوت عنایت کی ہدایت پر کی گئی، جس کے تحت انسانی اسمگلنگ میں ملوث نیٹ ورکس کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن جاری ہے۔

ساتذہ علم اور اقدار کے امین ہوتے ہیں، صدر آصف علی زرداری

اساتذہ کا اثر و رسوخ کلاس روم تک محدود نہیں بلکہ وہ زندگیوں کو بدلنے اور معاشروں کو سنوارنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں

صدر مملکت آصف علی زرداری کا عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے اساتذہ کو دلی مبارکباد پیش

اسلام آباد (اے پی پی): صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے اساتذہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تدریس ایک مقدس فریضہ ہے، جس سے علم، اخلاق، اور سماجی شعور پروان چڑھایا جاتا ہے۔ اس دن ہم اساتذہ کی قیمتی خدمات، قربانیوں اور کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے نسل در نسل ذہنوں کو منور کیا اور معاشروں کی بنیاد مضبوط کی تدریس صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ اعلیٰ ترین درجے کی خدمت انسانیت ہے۔ اساتذہ علم اور اقدار کے امین ہوتے ہیں جو (بقیہ نمبر 8)

شیئر مین اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (OPF) سید قر رضا، پاکستان سوشل سیفٹر شاہد میں پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں

چکوال، پنجاب فوڈ اتھارٹی کی تلہ گنگ میں کارروائی

معصوم دودھ فروخت کرنے والے پر تین ڈیری شاپس کو لاکھوں روپے جرمانے عائد، ایک سیل

چکوال (این ایس این) پنجاب فوڈ اتھارٹی چکوال نے تلہ گنگ میں معصوم دودھ فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کیا۔ کارروائی کے دوران (بقیہ نمبر 6)

لاہور کنٹرولا ہور ڈویژن مریم خان سکھوں کے سامنے زیر اکرسائٹ اور سائن بورڈز ہٹانے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ڈی جی آئی ایس پی آر کا کنیرڈ کالج فار ومن یونیورسٹی کا دورہ

لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے طالبات، اساتذہ کے ساتھ انٹرایکٹو سیشن میں شرکت کی

احمد شریف چوہدری نے پاک فوج کے کردار، تعلقات عامہ، سکیورٹی چیلنجز اور سوشل میڈیا کے استعمال پر روشنی ڈالی

لاہور (این ایس این) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کنیرڈ کالج فار ومن یونیورسٹی کا دورہ کیا جہاں انٹرایکٹو سیشن میں شرکت کی جس میں پاک فوج کے پیشہ ورانہ امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پاک فوج کے کردار، تعلقات عامہ، سکیورٹی چیلنجز اور سوشل میڈیا کے استعمال پر روشنی ڈالی۔ کیرڈ کالج کی انتظامی طالبات نے ڈی جی (بقیہ نمبر 3)

بس کی موٹر سائیکل کوکٹر سے خاتون جاں بحق، چار کسن بچے شدید زخمی

ٹرچھو شریف امریڈ کے (این این آئی) مریڈ کے جی ڈی روڈ کی جمعتی آبادی کالا شاہ کاکو میں بس کی موٹر سائیکل کوکٹر کے نتیجے میں خاتون شازیہ بی بی موقع پر جاں بحق جبکہ چار کسن بچے شدید زخمی ہوگئے جبکہ شوہر محفوظ رہا ڈرائیور بس چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ اسی طرح ہارون روڈ پر چک بھلے بس اسٹاپ کے قریب تیز رفتار کوسٹر الٹ گئی ویل (بقیہ نمبر 9)

جیلر پارٹی خواتین وگ کی مرکزی صدر کرن سندھ اسکیل ٹرپل تا پور نے وزیر اعلیٰ سندھ جیلر پالیس آفیسر اور طارق علی سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کی، عاقد خوشی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی

قطر حملے کے بعد اداہ ٹو نیتن یاہو کو چک دھلانے پر مجبور کیا

اسرائیلی حملے نے قطر میں غزہ پر مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کیا، امریکی اخبار

دوحہ (این ایس این) قطر کے دارالحکومت دوحہ پر اسرائیلی فضائی حملے کے بعد امریکا اور عرب ممالک کے دباؤ کے باوجود اسرائیل نے فلسطینیوں کی نسل کشی میں طوفان تھمن یاہو کو (بقیہ نمبر 5)

بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنیادوں پر مستحکم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اقتصادی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی میں نجی شعبے کا کلیدی کردار ہوگا

حکومت عوامی فلاح و بہبود اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے سرمایہ کاری کے تمام مواقع کو بروئے کار لائیگی، شہباز شریف

اسلام آباد (این ایس این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنیادوں پر مستحکم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اقتصادی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی میں نجی شعبے کا کلیدی کردار ہوگا اور اگلی شمولیت کو یقینی بنایا جائے، حکومت عوامی (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: ایس ڈی پی او ترنول پالیس شرکے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا، پولیس افسران سے ملاقات کی اور اپنے فرائض کی موثر کارکردگی کے لیے ہدایات جاری کیں

آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور سرفہرست

لاہور (این ایس این) سوہابی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی بڑھتے لگی، شہر میں فضائی آلودگی کی مجموعی شرح 217 ریکارڈ کیا گیا، آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور سرفہرست آ گیا۔ مختلف علاقوں میں ایئر کوالٹی انڈیکس 300 سے جھاوڑ گیا۔ (بقیہ نمبر 39)

صدر ڈویژن راولپنڈی پولیس کی کامیاب کارروائیاں، تین مشتبہ افراد گرفتار

راولپنڈی (این ایس این) صدر ڈویژن پولیس نے مختلف فرضوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے تین مشتبہ سپائیرز کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضہ سے سازھے چار کلوگرام سے زائد چرس برآمد کی۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے ایک (بقیہ نمبر 55)

بھارت کو ہینڈل کرنا جانتے ہیں، سکیورٹی ذرائع

بھارت کی طبیعت دوبارہ ٹھیک کرنی پڑی تو کر دیں گے

اب آپریشن سندور جیسا کام کرنے کی کوشش کی تو سارے شکوے دور کر دیں گے

اسلام آباد (این ایس این) سکیورٹی ذرائع نے واقعات کی چھان بین کیلئے الٹی سیدھی تھیوریز تشکیل دیا جانا چاہیئے جو ہم اور 2 اکتوبر کو رونما ہونے والے واقعات کی نسبت جامع رپورٹ پیش کر رہا ہے، تشدد واقعات میں (بقیہ نمبر 1)

مظفر آباد جائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی 5 روزہ کامیاب لاک ڈاؤن

وفاقی حکومت کی مداخلت، برائے راست مذاکرات کے نتیجے میں مطالبات تسلیم، تحریری معاہدہ طے پا گیا

لاک ڈاؤن، ہنڑ ڈاؤن، پہیہ جام اور مظاہروں کے دوران انسانی جانوں کے ضیاع کے حوالے سے دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمات درج ہوگئے

مظفر آباد (این ایس این) جموں و کشمیر جائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی 5 روزہ کامیاب لاک ڈاؤن، وفاقی حکومت کی مداخلت، براہ راست مذاکرات کے نتیجے میں مطالبات تسلیم، تحریری معاہدہ طے پا گیا، لاک ڈاؤن، ہنڑ ڈاؤن پہیہ جام اور مظاہروں کے دوران انسانی جانوں کے ضیاع کے حوالے سے دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمات درج ہوگئے

جناح اسپتال کے قریب فائرنگ، خاتون جاں بحق، ایک شخص زخمی

متوفیہ نہیدہ اپنی بیٹی کی عیادت کیلئے جناح اسپتال کے گائنی وارڈ آئی تھیں، اہل خانہ کراچی (این ایس این) جناح اسپتال کے قریب نامعلوم سمت سے آنے والی گولیوں کی زد میں آ کر ایک خاتون جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ رشتہ دار حکام (بقیہ نمبر 4)

سلاد ان خصوصی برائے پرائس کنٹرول کمیٹی مارٹ کا نمائندہ سبزی دکھلوں کی قیمتوں بارے استفسار کرتے ہوئے

پی آئی اے نے اپنے پہلے مرحلے میں اسلام سے مانچسٹر کیلئے ہفتہ وار 2 پروازیں آپریٹ کر دیں

کراچی (این ایس این) پی آئی اے کے برطانیہ کے لیے فلائٹ آپریشن کا آغاز 25 اکتوبر سے ہوگا جب کہ پی آئی اے پہلے مرحلے میں اسلام سے مانچسٹر کیلئے ہفتہ وار 2 پروازیں ایئر بلیو کے ساتھ کوڈ شیئرنگ کے تحت چلائے گی۔ پروازیں ہفتے اور منگل کے روز آپریٹ ہوں گی، اسلام آباد سے شیڈول کے مطابق پی آئی اے کی پرواز 12 بجے روانہ ہوگی اور شام 5 بجے مانچسٹر (بقیہ نمبر 53)

مختلف اقسام کے چاولوں کی قیمتوں میں 15 روپے فی کلو تک اضافہ

لاہور (این ایس این) مختلف اقسام کے چاولوں کی قیمتوں میں 15 روپے فی کلو تک کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سپر کا نکات چاول 15 روپے اضافے سے 415 روپے فی کلو، سپریم کوالٹی سپر کا نکات (بقیہ نمبر 2)

زیر حراست ملزموں کے انٹرویوز پر پابندی عائد، تحریری فیصلہ جاری

میڈیا میں متعلویت کے لئے شہریوں کی عزت، وقار کو داؤ پر لگانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، لاہور ہائیکورٹ

جسٹس علی ضیاء باجوہ نے فیصلے میں لکھا کہ زیر حراست ملزم کا انٹرویو اسکی عزت نفس اور مستقبل کو داؤ پر لگا دیتا ہے

لاہور (این ایس این) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں زیر حراست ملزموں کے انٹرویوز کرنے اور پولیس سسٹم و دیگر اداروں کی جانب سے ملزمان کے اعترافی بیان جاری کرنے پر پابندی عائد کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی ضیاء باجوہ نے وشال شاکر کی درخواست پر گیارہ صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ جسٹس علی ضیاء باجوہ نے فیصلے میں لکھا کہ زیر حراست ملزم کا انٹرویو اسکی عزت نفس اور مستقبل کو داؤ پر لگا دیتا ہے، یہ مناسب وقت ہے کہ رنگ لیڈری اتھارٹی میڈیا کے کردار کو ریگولیٹ کرے، قانون نافذ (بقیہ نمبر 1)

وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ پیٹلا نڈ ڈیلیشنز کیریئر میڈیکل ایجوکیشن میں یونیورسل ہیلتھ انشورنس پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت ریاستی رٹ کو چیلنج؟

ڈائریکٹر وائلڈ لائف راولپنڈی ڈویژن محکمہ وائلڈ لائف چکوال کی غفلت اور چوآ سیدن شاہ میں موجود غیر قانونی شکاریوں کے نیٹ ورک کا فوری نوٹس لیں

چوآ سیدن شاہ میں جنگلی حیات کی غیر قانونی خرید و فروخت عروج پر محکمہ وائلڈ لائف کی کارکردگی پر سنجیدہ سوالات

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد ے) قدرتی حیات کے تحفظ کے لیے بنائے گئے قوانین اگر ضلع کاغذوں تک محدود رہ جائیں تو جنگلی تحفظ دریں بے جنگلی حیات۔ ضلع چکوال کے علاقہ چوآ سیدن شاہ میں نایاب جانداروں کی غیر قانونی خرید و فروخت کی اطلاعات نے محکمہ وائلڈ لائف کی کارکردگی اور گورننس پر سنگین سوالات اٹھا دیے ہیں۔ مقتدر ذرائع کے مطابق مختلف اشتہار سے آنے والے افراد نایاب جنگلی حیات جیسے ہنگو چیکل، لچور ڈچیکل، بلیک اسپائیڈر اور دیگر انواع کے غیر قانونی شکار اور خرید و فروخت میں ملوث ہیں۔ ان جانداروں کی اسمگلنگ اور غیر قانونی تجارت بین الاقوامی قوانین (بقیہ نمبر 54)

نارووال: ریجنل ایمرجنسی آفیسر سید گمال عابد ریسکیو ایمرجنسی ایمبولینس کا معائنہ کر رہے ہیں

پورٹ قاسم دنیا کی نویں سب سے زیادہ ترقی کرنے والی بندرگاہ قرار

یہ قومی فخر کا لمحہ ہے، اس کامیابی کے لیے پالیسی اصلاحات اور عوقوانین نے کلیدی کردار ادا کیا

کراچی (این ایس این) پورٹ قاسم کو عالمی ادارے کی درجہ بندی میں دنیا کی نویں سب سے زیادہ ترقی کرنے والی کنٹینر بندرگاہ قرار دیا گیا۔ بین الاقوامی ادارے کے جانب سے کنٹینر پورٹ پرفارمنس انڈیکس (CPPI) 2024 میں 400 سے زائد (بقیہ نمبر 46)

حماس دائمی امن کیلئے تیار ہے، امریکی صدر ٹرمپ

غزہ پر اسرائیلی بمباری روکی جائے تاکہ یرغمالیوں کی رہائی ممکن ہو، گفتگو

واشنگٹن (این ایس این) حماس دائمی امن کیلئے تیار ہے، امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حماس کی جانب سے جاری بیان کی بنیاد پر بیان جاری کر دیا۔ مختصر ویڈیو پیغام (بقیہ نمبر 47)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے باک آواز
بانی: حاجی محمد شہباز خان
بانی ایڈیٹر: عبدالرزاق خان مرحوم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

صمود فلوٹیلا کے حق میں دنیا بھر میں مظاہرے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی افواج کے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے تمام امدادی کارکنوں کی فوری اور غیر مشروط رہائی اور فلسطینیوں تک امداد کی بلاتعطل ترسیل کا مطالبہ کیا ہے۔ سماجی رابطے کے ذریعے ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیلی ظلم اور بربریت کو فوری طور پر روکنا اور فلسطین میں پائیدار امن کے قیام کو یقینی بنانا ہی وقت کا سب سے بڑا تقاضا ہے۔ ادھر، مذکورہ فلوٹیلا میں سوار 44 ممالک کے 450 سے زائد امدادی کارکنوں کی غیر قانونی حراست کے خلاف سپین، تیونس، لیبیا، ملائیشیا، ترکیہ، مصر، اٹلی، برطانیہ، کینیڈا اور لاطینی امریکا میں مظاہرے ہوئے۔ اس سلسلے میں اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ سلامتی کونسل غزہ میں جاری خونریزی روکنے میں ایک بار پھر ناکام رہی ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں ویٹو (Veto) مباحثے کے دوران عاصم افتخار نے اپنے بیان میں کہا کہ سلامتی کونسل ایک بار پھر اس روک عمل کرنے میں ناکام رہی جب غزہ کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔ دوسری جانب، قصرِ سفید کی ترجمان کیرولین لیوٹ نے امریکی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ غزہ امن منصوبے پر حماس کے ردعمل کے لیے ریڈ لائن کھینچیں گے۔ ہمیں امید اور توقع ہے کہ حماس غزہ امن منصوبہ منظور کر لے گی۔ حقیقت یہ ہے کہ فلسطین کے مسئلے کی بنیاد امریکا اور برطانیہ سمیت ان تمام ممالک کی شرپسندی ہے جنھوں نے غاصب صیہونیوں کو فلسطینی علاقوں پر قبضہ کرنے میں سہولت مہیا کی۔ اس وقت بھی یہی ممالک اسرائیل نامی ناجائز ریاست کو ہر قسم کی امداد واعانت مہیا کر کے اسے مضبوط بنا رہے ہیں۔ اگر امریکہ کو اسرائیل اتنا ہی پیارا ہے تو اسے چاہیے کہ اپنی کسی ریاست میں غاصب صیہونیوں کو جگہ دے کر وہاں اسرائیل بنوالے۔ اس وقت سب سے بڑا امتحان مسلم ممالک کے حکمرانوں کا ہے جو غزہ میں ڈھائے جانے والے مظالم پر خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ اگر آج مسلم ممالک کے حکمران سنجیدگی سے اس مسئلے کو حل کرنے کی ٹھان لیں تو اتنے ہی دن یہ مسئلہ مستقل طور پر حل ہو جائے گا لیکن یہ ایک تکلیف دہ حقیقت ہے کہ اس کے لیے انھیں جس جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کرنا ہوگا، کوئی ایک بھی مسلم حکمران اس کے لیے عملی قدم اٹھاتا نظر نہیں آ رہا۔

شک کا زہر

نام: قرۃ العین شیتل، ساہیوال

بارش کی بوندیں کمرکی کے شیشے پر تک تک کرتی تھیں۔ کمرے میں نیم اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ عائشہ اپنے بستر پر لیٹی چھت کو گھور رہی تھی۔ اس کی آنکھوں میں نیندنہیں، ایک ایسا سوال تھا جس کا جواب برسوں گزرنے کے باوجود نہ ملا تھا۔ اسے نہ اپنی زندگی کو پل پل جلا دیا کیا۔ کہاں سے کہاں تک کا سفر..... اور کیسے ایک چھوٹے سے شک نے سب کچھ اجاڑ ڈالا۔

عائشہ کی شادی بلال سے ہوئی تھی۔ بلال خوش اخلاق، شوخ مزاج اور نرم دل انسان تھا۔ پہلی ملاقات سے ہی عائشہ کو لگا جیسے وہ کسی گلفی ہیرو کے ساتھ بزمی ہے۔ شروع کے دنوں میں ان کے درمیان وہی محبت، قہقہے، شرارتیں اور خواب تھے جو کسی بھی نئے جوڑے کے درمیان ہوتے ہیں۔

بلال دفتر سے آتا تو عائشہ کچن میں مصروف رہتی۔ وہ کبھی پیچھے سے آ کر اسے چونکا دیتا، کبھی ہنستے ہوئے اس کے ہاتھ سے چمچ چھین لیتا۔ ان کے ہنسی بھرے دن دیکھ کر محلے کی عورتیں رشک کرتیں کہ کیسا جوڑا ہے۔

لیکن محبت کی اس کہانی میں ایک دن ایک ناوید کردار داخل ہوا۔ شک۔

کالج میں عائشہ کے شناسا بلال کو فون پر پیغام آیا۔ عائشہ قریب بیٹھی تھی، فون بجا تو فوراً پڑھ لی۔ اسکرین پر ایک نام جگمگا رہا تھا: "ثریا"۔ پیغام میں صرف اتنا لکھا تھا:

"کل شام کے سمے جو شعر، بہت اچھا لگا۔"

بس! ایک سطر نے اس کے دل میں زلزلہ پیدا کر دیا۔ اس کے ذہن میں سوالوں کا طوفان اٹھ گیا۔

یہ شعر کس کو سنایا گیا؟ کب؟ کس کے ساتھ؟ شریکِ کس بات کا؟"

وہ رات بھر جاگتی رہی، مگر زبان سے کچھ نہ کہا۔ صبح جب بلال دفتر گیا، اس نے فون کھولا۔ چند پیغامات بے نام و نشان تھے۔ لیکن شک کا بیج بو دیا گیا تھا۔

اب عائشہ کا دل ہر وقت بے چین رہنے لگا۔ بلال فس کر اب کہ تو اسے لگاتار وہ کچھ چھپا رہا ہے۔ وہ دیر سے آئے تو خیال آتا کسی کے ساتھ وقت گزار رہا ہے۔ فون بجے تو کان کھڑے ہو جاتے۔

بلال بار بار پوچھتا:

"تم اتنی خاموش کیوں ہو، عائشہ؟ کچھ بدلی بدلی لگ رہی ہو۔"

وہ کہتی:

"کچھ نہیں، بس طبیعت ٹھیک نہیں۔"

مگر اصل میں طبیعت نہیں، دل بیمار تھا۔

آخر کار ایک دن وہ ہمت کر بیٹھی:

"بلال، سچ بتاؤ، تم دونوں کے درمیان کیا ہے؟"

دوسری طرف لمحہ بھر خاموشی رہی، پھر ایک نرم آواز آئی:

"بلی!، آپ غلط سمجھ رہی ہیں۔ بلال بھائی میرے بڑے بھائی جیسے ہیں۔ میرا مقیقر بھی انہیں جانتا ہے۔ براہِ کرم آپ شک نہ کریں۔"

عائشہ کے کانوں میں یہ الفاظ پڑے مگر دل نے کہا:

"یہ تو بھوبی بول رہی ہے، اپنے رشتے کو چھپا رہی ہے۔"

اب نوبت جھگڑوں تک پہنچ گئی۔ بلال کہتا:

"آخر تم چاہتی کیا ہو؟ میں نے بارہا بار کہا میرا کسی سے تعلق نہیں۔"

عائشہ روتی مگر ایک ہی جملہ ہر اتی:

"مجھے شک ہے۔"

بلال جھنجلے لگا۔ محبت کا رنگ پھیکا پڑ گیا۔ جہاں کبھی قہقہے گونجتے تھے، وہاں اب خاموشیاں اور سرد رویے تھے۔ بچے بھی اس ماحول سے متاثر ہونے لگے۔

ایک شام بلال گھر آیا۔ اس کے ہاتھ میں کاغذات تھے۔ اس کی آنکھوں میں وہی تھکن اور بیزاری تھی جو محبتوں سے بدھ رہی تھی۔

"عائشہ، میں اب مزید برداشت نہیں کر سکتا۔ اگر میری ہی عزت اور اعتبار تمہارے دل میں نہیں تو یہ رشتہ کس بنیاد پر چلے گا؟"

پھر دن بعد طلاق نامہ آیا۔ طلاق ہو گئی۔

عائشہ کے ہاتھ میں جب طلاق نامہ آیا تو دنیا اندھیر ہو گئی۔ ایک لمحے میں اس کا سب کچھ چھن گیا۔

وقت گزرتا رہا۔ بلال اپنی ماں کے ساتھ الگ رہنے لگا۔ ثریا نے شادی کر لی، اپنی زندگی میں گم ہو گئی۔

عائشہ اکیلی بیٹھی سوچتی رہتی:

"کیا واقعی بلال بے وفا تھا؟ یا یہ سب میرا وہم تھا؟"

ایک دن اس نے پرانی پڑوسن سے سنا:

"بیٹا، بلال تو بہت سیدھا انسان تھا۔ اس نے شادی کے بعد کبھی کسی اور کا خیال بھی نہیں کیا۔ ثریا تو اپنے شوہر کے ساتھ بیرونِ ملک شفٹ ہو گئی تھی۔"

یہ سن کر عائشہ کا دل دھڑکنا بند سا ہو گیا۔

اب عائشہ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔ اس نے شیشے میں خود کو دیکھا، ایک اجڑی ہوئی عورت، جوانی اور بدگمانی کے ہاتھوں لٹی ہوئی۔

لیکن ثریا کہاں نہیں ختم نہیں ہوتی۔ اسی شام اسے ڈاک سے ایک لفافہ ملا۔ لفافہ بلال کا تھا، اس کا خط تھا:

"بیٹی عائشہ، بلال تمہیں بھی قصوروار نہیں سمجھتا تھا۔ وہ ہمیشہ کہتا تھا کہ تم کسی اور ہو، پر شک میں الجھ گئی۔ اسے تمہیں کبھی بدنما نہیں دی۔ آخری دن تک کہتا رہا کہ اگر قسمت نے چاہا تو شاید اگلے دن تمہیں حقیقت بتا دے۔"

خط پڑھ کر عائشہ کا دل ہچکیاں لے کر پھٹ گیا۔ اب کچھ اس کے سامنے تھا: قصور بلال کا نہیں، اس کے اپنے شک کا۔

شک وہ زہر ہے جو رشتے کی بنیاد کو کھا جاتا ہے۔ اعتماد کے بغیر محبت ایک دت کا گھر وندا ہے جو ذرا سی ہوا سے گر جاتا ہے۔ عائشہ نے دیر سے سمجھا کہ سبھی بھی ہمارا وہم حقیقت سے زیادہ جان کو ہوتا ہے۔

صوفی شاعر خواجہ غلام فرید

تحریر: شاہد قوالباش

سمجھ فریادیا ہوں بوہوں سر جو
اکھیاں الیاں وڑیاں الکیاں
سینے پئے مژ ہر
خنجرے، ہاجزں ملک مریلے
نازکاں بے چور

حضرت خواجہ غلام فریدؒ کا شمار برصغیر کے اُن صوفی شعرا میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنے کلام کے ذریعے انسان کو روحانیت، عشقِ الٰہی اور معرفت کے راستے پر چلنے کی دعوت دی۔ وہ نہ صرف صوفی شاعر تھے بلکہ ایک صاحبِ حال بزرگ کی حیثیت بھی رکھتے تھے جن کی شخصیت اور کلام آج بھی قلوب کو منور کرتے ہیں۔ 25 نومبر 1845ء کو چاچڑاں شریف میں پیدا ہونے والے خواجہ غلام فریدؒ کا تعلق ریاست بہاولپور سے تھا، جو اس وقت ایک نیم خودمختار ریاست تھی۔ ان کا نسب قریشی فاروقی تھا اور وہ سلسلہ چشتیہ نظامیہ کے عظیم صوفی بزرگوں میں سے تھے۔ صوفیائے کرام روحانی رہنما کے وہ اپنے قول و فعل اور اپنی شاعری کے ذریعے انسان کو حقیقت سے روشناس کراتے ہیں اور غلام فریدؒ نے بھی اسی روایت کو ہر صرف زندہ رکھا بلکہ اسے اپنے دور کے تقاضوں کے مطابق نئی جہت عطا کی۔

ان کی مادری زبان سرائیکی تھی اور یہی زبان ان کے کلام کا اصل وسیلہ بنی۔ سرائیکی زبان اپنی شیرینی اور نرمی کے باعث صوفیانہ جذب و مستی کو بیان کرنے کے لیے نہایت موزوں جانی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ غلام فریدؒ کی شاعری میں یہ زبان ایک خاص رنگ میں ڈھل کر سامنے آتی ہے۔ انہوں نے اس زبان میں ایسی کافیاں کہیں جو نہ صرف فنی اعتبار سے بلند ہیں بلکہ گلوکری حلاوت پر بھی محیتی ہیں۔ ان کی کافیاں ایک طرف انسان کو عشقِ حقیقی کی دعوت دیتی ہیں تو دوسری جانب ظلم، جبر اور ناانصافی کے خلاف ایک خاموش احتجاج بھی ہیں۔ اس میں وطن کی محبت، اپنی دھرتی سے وابستگی اور فطرت سے انسیت بھی جھلکتی ہے۔

خواجہ غلام فریدؒ نے شاعری کو محض تفننِ طبع کے لیے استعمال نہیں کیا بلکہ اسے اپنے افکار اور تصوف کے پیغام کے فروغ کا ذریعہ بنایا۔ وہ عشق کو معرفت کا زینہ سمجھتے تھے اور اسی عشق کو اپنی کافیاں کا مرکزی موضوع بنایا۔ ان کے ہاں محبوب کی یاد محض انسانی محبت تک محدود نہیں بلکہ یہ دراصل ذات تک مرغان کی جستجو ہے۔ ان کے کلام میں عشق، ہجر، وصال، اور روحانی واردات کی کیفیات کا ایک ایسا سلسلہ ہے جو کبھی رونے، کبھی مسکرانے، کبھی فراق اور کبھی قرب کی صورت میں ظاہر ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری پڑھنے والا ہر شخص اپنی حالت کے مطابق اس سے اثر قبول کرتا ہے۔

ان کی شاعری اور کلام میں زبان اور دعا میں بھوں بھوں سر جو کی مثال ہے جو اپنے اندر گہرا معنی رکھتی ہے۔ یہ اس کی مثال ہے کہ کس طرح ایک ہی لفظ کئی معنی رکھ سکتا ہے۔ ان کی شخصیت اور کلام آج بھی قلوب کو منور کرتے ہیں۔ 25 نومبر 1845ء کو چاچڑاں شریف میں پیدا ہونے والے خواجہ غلام فریدؒ کا تعلق ریاست بہاولپور سے تھا، جو اس وقت ایک نیم خودمختار ریاست تھی۔ ان کا نسب قریشی فاروقی تھا اور وہ سلسلہ چشتیہ نظامیہ کے عظیم صوفی بزرگوں میں سے تھے۔ صوفیائے کرام روحانی رہنما کے وہ اپنے قول و فعل اور اپنی شاعری کے ذریعے انسان کو حقیقت سے روشناس کراتے ہیں اور غلام فریدؒ نے بھی اسی روایت کو نہ صرف زندہ رکھا بلکہ اسے اپنے دور کے تقاضوں کے مطابق نئی جہت عطا کی

بقیہ 1

اغوا کاروں کی گروہ صحت کو شبا ش دی، بہ لنگ میں بتایا کہ سیلاب کے دوران متاثرہ علاقوں میں سازشے کیلئے لاکھ افراد کا انخلا عوامی مہلہ کیا گیا،دوران ریلی 65 کے بچیوں کی سرجیکل کیسز دیکھی جن میں ہمارے پہ رلیمنٹ کا اظہار کیا،دریاؤں پر فرنوالز نے شہریوں کی جانیں بچائیں ،ہم نے کشتیوں اور کا طریق کار وضع کر دیئے ہیں،غیر ملکی ماہرین کو پاکستان آنے کی دعوت دی ہے،ہم نے ٹیکنوں کو اشتراک کاری پر اتفاق کر دی۔

بقیہ 2

کی تیاری کے لیے مخل کیا جانا چاہا، ادارے نے مزید کہا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کو تیز کر دی گئی ہے۔ پیمرا نے پیر کو گزشتہ 2 ماہ کے دوران انتہا دشتیات فورس نے تارگ کارروائیوں کے دوران مشتبہ آمد کی میں 2 کروڑ 80 لاکھ روپے سے زائد ہے۔فورس کا کہنا ہے مشتبہ شرقی ورث دینے والے ہیں،فورس کے ہیلپ سلوبت پیش کیا جائے گا۔ اس کا کہ ایک ماہ کا عمل پر تعاقب کیا جائے گا۔

بقیہ 3

کا ثبات کیلئی فوجا اس منصوبہ بندی سوک کیلئے کی ہے۔حماس نے یرغمال اسرائیلی قیدیوں کی رہائی اور غزہ کا کنٹرول فلسطینی اتھارٹی کے سپرد کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی۔

بقیہ 4

ڈائرکٹس وغیرہ جے جس پلیٹ پر دھاتی کا اعتراف کیا،ہادوں میں ۔ 45 کلاورے کے تحقیہ پروڈائیوز کا قلاکھ وپہ جرمانہ کر دیا گیا ہے۔ آئیر کے پاس تھا وہ ایک جہاں دوران اکھاری کیوں کہ ہم نے کیا ہے ۔ ہم نے کیا ہے ۔ ہم نے کیا ہے ۔

الیکٹروبس پروگرام کے لانچنگ شیڈول کی منظوری

وزیراعلیٰ پنجاب کا دسمبر تک پنجاب میں 1ہزار 115 الیکٹروبسیں فعلشل کرنے کی ہدایت

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 65 لاکھ بچیوں کی سرویکل کینسر ویکسی نیشن مکمل ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا

لاہور (این ایس این) کابینہ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے مختلف اضلاع میں الیکٹروبس پروگرام کے لانچنگ شیڈول کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرصدارت منعقد کابینہ اجلاس